Series : **WXYZ/S**

**SET ~ 4**

Q.P. Code **3/S**

رول نمبر

Roll No.

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

**نوٹ :**

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد 7 ہے۔

(II) سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔

(III) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 11 ہے۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**

(V) سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

#

# اُردو (کور)

# URDU (Core)

مقررہ وقت : ۳ گھنٹے　　　　کل نمبر : ۸۰

Maximum Marks : 80　　　　Time allowed : 3 hours

عام ہدایات :

(i) یہ سوالنامہ 2 حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) اس سوالنامے میں کل 11 سوالات ہیں۔

(iii) **حصہ۔الف،** 5 سوالات نمبر 1 تا 5۔

(iv) **حصہ۔ب،** 6 سوالات نمبر 6 تا 11۔

(v) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

(vi) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر ضرور لکھیں۔

***General Instructions :***

*(i) Question paper is divided into **2** Sections.*

*(ii) It has total **11** Questions.*

*(iii) **Section A** : **5** Q. No. **1** to **5***

*(iv) **Section B** : **6** Q. No. **6** to **11***

*(v) Attempt questions as per specific instructions.*

*(vi) Write Question No. in Answer-book before attempting it.*

## SECTION A (حصّہ۔الف)

**1.** مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ *5× 2=10*

ہمارا ملک ہندوستان صوفی، سنتوں اور درویشوں کا ملک ہے جنھوں نے ہمیشہ امن و آشتی، صلح اور بھائی چارے کا پیغام دیا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی اپنی سطح پر اپنی اپنی بساط کے مطابق ان آدرشوں اور اصولوں کو اپنائیں جو ہمارے بزرگوں نے ہمیں عطا کیے ہیں۔ ہندوستان دنیا کا سب سے بڑا جمہوری ملک ہے اور اس جمہوریت کی بنیاد رنگارنگ تہذیب پر ہے۔ ہمارے ملک میں ہر مذہب کے ماننے والے، ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے اور ہر کلچر پر عمل

کرنے والے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں۔یہی میل جول ہماری گنگا جمنی تہذیب کی بنیاد ہے۔ہمیں ہمیشہ اس تہذیب کو زندہ رکھنے کے لیے کام کرتے رہنا چاہیے۔ہندوستانیوں کو چاہیے کہ وہ انسانیت، امن و آشتی، آپسی بھائی چارے اور پیار و محبت کے اس پیغام کو گھر گھر عام کریں جو ہمارے بزرگوں سے ہمیں وراثت میں ملا ہے اور جس کے ہم امین اور وارث ہیں۔

(i) صوفی، سنتوں اور درویشوں کا پیغام کیا ہے؟

(ii) اقتباس میں کس ضرورت پر زور دیا ہے؟

(iii) ہندوستان کے جمہوری ملک ہونے کی کیا وجہ ہے؟

(iv) گنگا جمنی تہذیب کی بنیاد کیا ہے؟

(v) اپنی تہذیب کو زندہ رکھنے کے لیے ہمیں کیا کام کرنا چاہیے؟

**2.** درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر 250-300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ *1× 10=10*

(i) دہلی کی سیر

(ii) اُردو اور سوشل میڈیا

(iii) میرا پسندیدہ کھلاڑی

**3.** (a) آپ کا نام ابو بکر/مریم ہے۔آپ سٹی ہائی اسکول لال چوک سری نگر کشمیر میں زیرِ تعلیم ہیں۔کل شام سے مسلسل طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے ڈاکٹر کی صلاح کے مطابق آپ کو 3، دن کی چھٹی کی ضرورت ہے لہٰذا اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو اپنی بیماری کا ذکر کرتے ہوئے 3 دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ *1× 8=8*

**یا/ OR**

(b) آپ امتیاز/حمیرہ ہیں۔اپنے دوست انور/اپنی سہیلی شاہدہ کو ایک خط لکھیے جس میں آپ کے شہر حیدر آباد کی سیر کرنے کی دعوت دیجیے وہ E-II ایلڈ یکو کانپور میں رہائش پذیر ہیں۔

**4.** درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 5+2=7

بچے کی تربیت، ذہنی نشو ونما اور شخصیت سازی کے لیے گھر کا ماحول بہت اہم ہوتا ہے۔ بچے اپنے والدین، گھریلو معاملات و حالات، اپنے خاندان اور اپنے اِرد گرد کی چیزوں کو دیکھ کر بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو اس سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اپنے والدین اور گھر کے دوسرے افراد کو بچے جو کام کرتے ہوئے دیکھتے ہیں ان میں وہ خود بھی دلچسپی لینے لگتے ہیں۔ اس طرح ان میں کام کرنے اور محنت کرنے کی عادت ہو جاتی ہے۔ جیسے جیسے بچے کی عمر بڑھتی ہے اس کی عادتیں پختہ ہو جاتی ہیں اور کام کرنے کی عادت ہونے کی وجہ سے وہ محنت کے کاموں میں لگا رہتا ہے اور رفتہ رفتہ اپنے کام میں ماہر ہو جاتا ہے۔

**5.** درج ذیل محاوروں میں سے صرف پانچ کے معنی لکھیے اور انھیں اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ 5× 2=10

(i) منھ پھیر لینا

(ii) ناک کٹنا

(iii) ہاتھ پاؤں مارنا

(iv) نو دو گیارہ ہونا

(v) پانی پانی ہونا

(vi) پیٹ کا ہلکا ہونا

(vii) تِل دھرنے کی جگہ نہ ہونا

(viii) چار چاند لگنا

## SECTION B ( حصّہ۔ب )

**.6** درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ *1+1+2+1+2=7*

لتا کی مقبولیت کا اصل راز اس کی آواز کی نغمگی ہے۔ لتا کے گانے کی ایک اور خاصیت ہے اس کی آواز کی لطافت۔ لتا سے پہلے سنگر نور جہاں بھی ایک اچھی گلوکارہ تھی۔ اس میں شک نہیں کہ اس کے گانے سننے والوں کو مسرور کر دیتے تھے۔ لیکن لتا کے گانوں میں نرمی اور بے خود کر دینے والی کیفیت پائی جاتی ہے۔ فلمی موسیقی کے ہدایت کاروں نے لتا کی آواز کے جادو کا جتنا فائدہ اٹھانا چاہیے تھا، نہیں اٹھایا۔ ایسا کہنے میں مجھے کوئی جھجک نہیں کہ اگر میں خود موسیقار ہوتا تو لتا کی اس خصوصیت سے ضرور فائدہ اٹھاتا۔ لتا کے گانوں کی ایک اور خصوصیت اس کی بلند آہنگی ہے۔ اس کے گیت کے دو لفظوں کے بیچ کا فاصلہ ترنّم سے اس طرح بھرا ہوتا ہے کہ دونوں لفظ ایک دوسرے میں سمائے ہوئے محسوس ہوتے ہیں اور لتا کے یہاں یہ بات بڑی آسان اور فطری معلوم ہوتی ہے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) لتا کے گانے کی کن دو خصوصیات کا ذکر اقتباس میں کیا گیا ہے؟

(iii) نور جہاں اور لتا کے گانوں میں کیا فرق پایا جاتا ہے؟

(iv) فلمی موسیقی کے ہدایت کاروں کی کیا کمی رہی؟

(v) کون سی بات لتا کے یہاں بڑی فطری اور آسان معلوم ہوتی ہے؟

**.7** (a) رشید احمد صدیقی کے انشائیہ 'دعوت' میں دعوتوں کی جو حالت بیان کی گئی ہے، ان میں سے دو دعوتوں کا حال لکھیے۔ *1× 5=5*

**OR / یا**

(b) سید امتیاز علی تاج کے مزاحیہ مضمون ''چچا چھکن نے خط لکھا'' کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔

**.8** درج ذیل سوالات میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ *4× 2=8*

(i) میگھالیہ کو ہندوستان کا خوبصورت صوبہ کیوں کہا گیا ہے ؟

(ii) رائے صاحب اور خان صاحب کے درمیان رنجش کیوں تھی ؟

(iii) سبق 'ذرا فون کر لوں' کے مصنّف ابنِ انشا کے یہاں کس کس طرح کے ٹیلی فون آیا کرتے تھے ؟

(iv) مجروح کی صحت کے بارے میں غالب کو کیا خبر ملی ؟

(v) پھول والوں کی سیر کے موقع پر شمسی تالاب پر جشن کس طرح منایا جاتا تھا؟

(vi) غالب خطوں کو اپنی دل لگی کا سامان کیوں مانتے تھے ؟

(vii) سلطنت مغلیہ کے بارے میں کتب فروش نے کیا خیال پیش کیا؟

(viii) بادشاہ نے جلوس کو کن کن انعامات سے نوازا؟

**.9** (a) مثنوی کی تعریف لکھیے اور اس کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔ *1× 5=5*

**یا / OR**

(b) نظم ''پرچھائیاں'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

**.10** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ *5×1=5*

(i) نواب آصف الدولہ کی دعوت پر میر تقی میرؔ کہاں گئے تھے ؟

(ii) ''اس خرابی میں، میں ہوا پائمال'' اس مصرعے سے میر تقی میرؔ کی کیا مراد ہے ؟

(iii) نظم 'پرچھائیاں' میں زمین کو کس کی مانند بتایا گیا ہے ؟

(iv) ساحرؔ لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا؟

(v) مثنوی کس زبان کا لفظ ہے ؟

**11.** درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5×1=5

(i) افسانہ 'گاؤں کی لاج' کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(A) ابنِ انشا (B) مرزا فرحت اللہ بیگ

(C) علی عباس حسینی (D) حبیب تنویر

(ii) یہ کس کا کہنا ہے کہ 'میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلے کو مکالمہ بنا دیا ہے' ؟

(A) سید امتیاز علی تاج (B) مرزا غالب

(C) کمار گندھرو (D) رشید احمد صدیقی

(iii) مضمون 'پھول والوں کی سیر' کا موضوع کیا ہے؟

(A) مغل باغات کے پھول (B) لتا منگیشکر کی آواز

(C) آگرہ کے بازار کا حال (D) دلّی کی تہذیبی اور معاشرتی جھلکیاں

(iv) حبیب تنویر اُردو میں کس صنف کے لیے جانے جاتے ہیں؟

(A) مثنوی (B) خطوط نویسی

(C) ڈراما (D) افسانہ

(v) کس شاعر کا نام عبدالحیٔ تھا؟

(A) ساحرؔ لدھیانوی (B) میر تقی میرؔ

(C) سردار جعفری (D) مرزا غالبؔ